## بقیہ 1

تجاویز تسلیم کرنے کی سچائیوں کے ادراک کی طرح عوامی ایکشن کمیٹی کے مطالبات کی مخالفت کے غیر مقبول فیصلے چھوڑ کر عوامی لڑائی میں نہ صرف ساتھ دیا جائے بلکہ پارٹی میں جمہوری طرز انتخاب سے منتخب کی جائے تنظیم تو میر کو پیپلز پارٹی کے یوم تاسیس پر مظفرآباد میں ورکرز کنونشن کے انعقاد کا اعلان ہوا ہے ایکشن کمیٹی کی کشمیر تحریک کو خراج تحسین پیش کیا۔

## بقیہ 2

بھرپور تھیم مقدم تفصیلات کے مطابق پاکستان نیوی ریکروٹمنٹ اینڈ سلیکشن سنٹر مظفرآباد کے انچارج کمانڈر شعیب اور کرزئی کی قیادت میں ٹیم نے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج انوار شریف کا دورہ کیا جہاں انھوں نے منعقدہ آگاہی سیمینار سے خطاب کیا، کالج پہنچنے پر ادارہ کی انتظامیہ اور طلبہ نے معزز مہمانوں کا بھرپور استقبال کیا، اس موقع پر آگاہی سیمینار کا انعقاد ہوا جس میں تلاوت کے فرائض پروفیسر ہارون نے ادا کیے، پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، بعد ازاں نعت شریف پیش کی گئی، پھر طلبہ نے پاکستان اور آزاد کشمیر کے قومی ترانے پیش کیے، جس سے مہمانوں میں حب الوطنی اور اتحاد کا جذبہ پیدا ہوا، مہمان مقررین نے آگاہی سیمینار میں پاک بحریہ کی تاریخ، طاقت اور کامیابیوں کے بارے میں تفصیلی اظہار خیال کیا جب کہ طلبہ کو پاک بحریہ میں شمولیت کے حوالے سے اس کے انتخابی عمل اور بھرتی کے معیار کے بارے میں بھی تفصیل سے آگاہ کیا، مقررین نے طلبہ کو ذاتی ترقی اور قومی خدمت کے مواقع پر زور دیتے ہوئے پاکستان نیوی میں کیریئر پر غور کرنے کی ترغیب دی۔

## بقیہ 3

سین شاہ، یو این ڈی پی کے سوشل پالیسی اسپیشلسٹ کاظم شعیب نے کی، ریجنل پلاننگ آفیسر خورشید عالم، محکمہ تعلیم، صحت، لیبر، لائیو سٹاک، سوشل ویلفیئر، چائلڈ پروٹیکشن یونٹ، زراعت، سٹیزن فیسلیٹیشن سنٹر اور دیگر محکموں کی خواتین آفیسرز و نمائندوں نے تقریب میں شرکت کی، سیشن کے دوران شرکاء نے خیبر پختونخوا میں خواتین کی فیصلہ سازی کے عمل میں شمولیت، پالیسی سازی میں نمائندگی اور مالی و اقتصادی میدان میں صنفی مساوات کے فروغ سے متعلق چیلنجز اور مواقع پر تبادلہ خیال کیا، شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ خواتین کی فعالانہ کردار میں شرکت نہ صرف معاشی ترقی بلکہ جامع اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے ناگزیر ہے۔

